# اسلامیات (لازمی) 2022ء

وقت ۳ گھنٹے — کل نمبر ۷۵

## حصہ 'الف' (کثیر الانتخابی سوالات MCQs) (نشانات: 20)

ہدایات: اس حصہ میں بیس (۲۰) جزوی سوالات ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر سوال کا ایک نشان ہے۔

سوال نمبر ۱: مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے۔

(1) 'حدیث' کے لغوی معنی ہیں:

☆ سرگوشی کرنا ☆ زور سے بولنا ☆ بات چیت کرنا ☆ آہستہ بولنا

(2) قرآن کی اس سورۃ میں صوم کی فرضیت کا حکم آیا ہے:

☆ سورۃ النساء ☆ سورۃ الاحزاب ☆ سورۃ آل عمران ☆ سورۃ البقرہ

(3) لفظ 'آخرت' کے لغوی معنی ہیں:

☆ بعد میں ہونے والی چیز ☆ قریب کی چیز

☆ باقی رہنے والی ☆ تباہ ہونے والی

(4) صلہ رحمی کا مطلب ہے:

☆ والدین سے حسن سلوک ☆ رشتہ داروں سے حسن سلوک

☆ ہمسایوں سے حسن سلوک ☆ اساتذہ سے حسن سلوک

(5) حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ تفسیر ہے:

☆ سورۃ رحمٰن کی ☆ قرآن کی ☆ حدیث کی ☆ بنیادی عقائد کی

(6) حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مہینہ کو شہر مواسات (غمخواری کا مہینہ) قرار دیا:

☆ محرم ☆ شعبان ☆ رمضان ☆ ذوالحجہ

(7) انسانوں کے نامہ اعمال لکھنے والے فرشتوں کے نام ہیں:

☆ منکر نکیر ☆ کراماً کاتبین ☆ ہاروت و ماروت ☆ حضرت اسرافیل علیہ السلام

(8) بے شک اللہ حکم دیتا ہے عدل اور:

☆ احسان کا ☆ عفو کا ☆ صبر کا ☆ شکر کا

(9) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے حفاظت حدیث کی نیت سے اس ہجری میں مختلف شہروں کے حکام کے نام فرامین بھیجے:

☆ ۶۶ ☆ ۷۷ ☆ ۸۸ ☆ ۹۹

(10) پختہ اور اٹل نظریات کو کہا جاتا ہے:

☆ توحید ☆ عبادت ☆ عقائد ☆ ارکان

---

(11) قرآن کریم کے وہ اسماء جو آیات قرآنیہ سے ماخوذ ہیں، ان کی تعداد ہے:

☆ ۳۳ ☆ ۴۴ ☆ ۵۵ ☆ ۶۶

(12) 'جامع القرآن' ان کو کہا جاتا ہے:

☆ حضرت عثمانؓ ☆ حضرت عمرؓ

☆ حضرت زید بن ثابتؓ ☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

(13) اس جنگ میں کئی سو حفاظ اور قراء شہید ہوئے:

☆ غزوہ تبوک ☆ غزوہ خندق ☆ جنگ یمامہ ☆ صلیبی جنگ

(14) شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ ہے:

☆ غیبت ☆ والدین کی نافرمانی ☆ بددیانتی ☆ منافقت

(15) ان صحابیؓ کا لہجہ حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ تھا:

☆ حضرت سعید بن العاصؓ ☆ حضرت زید بن ثابتؓ

☆ حضرت ابوبکر صدیقؓ ☆ حضرت انسؓ

(16) حضرت محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے ان صحابیؓ نے کہا تھا 'میں نے کبھی اپنے بچوں کو پیار نہیں کیا':

☆ صہیب رومیؓ ☆ بلال حبشیؓ ☆ اقرع بن حابسؓ ☆ سعد بن معاذؓ

(17) عقائد اسلام کی تعداد ہے:

☆ سات ☆ چھ ☆ پانچ ☆ چار

(18) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والا کہلاتا ہے:

☆ منافق ☆ مشرک ☆ کافر ☆ ملحد

(19) عبادت کی قبولیت کی لازمی شرط ہے:

☆ کسب حلال ☆ دیانت داری ☆ امانت داری ☆ وقت کی پابندی

(20) قرآن مجید کی اس سورۃ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین کہا گیا ہے:

☆ سورۃ فرقان ☆ سورۃ محمد ☆ سورۃ انبیاء ☆ سورۃ احزاب

www.ilmkidunya.com